© rasailojaraid.com



عینک فریمی

# زبان میری ہے بات اُن کی

- ❑ حکومت میں موجود کچھ دہریئے نفاذِ اسلام نہیں چاہتے۔(چودھری شجاعت)
- ● ان میں:

کچھ ایرے ہیں کچھ غیرے ہیں کچھ نتھو ہیں کچھ خیرے ہیں
کچھ چچو چچ گنڈیری ہیں رات کی ہیرا پھیری ہیں

- ❑ بے نظیر بھٹو نے صدر مشرف سے براہ راست بارہ مرتبہ رابطہ کیا۔(شیر افگن)
- ● تب جا کر شوہر کی رہائی ہوئی۔
- ❑ امریکہ سے نہیں ڈرتے۔(شیخ رشید)
- ● صرف ''پینٹ'' اور ''گون'' سے ڈرتے ہیں۔
- ❑ گیس کی قیمتوں میں یکم جولائی سے اضافہ کرنے کی اجازت طلب کر لی گئی۔(ایک خبر)
- ● غریبوں کی مزید رگیں کاٹنے کا بندوبست کر لیا گیا۔
- ❑ اظہارِ تشکر کے لیے کارٹون بنایا۔(واشنگٹن ٹائمز)
- ● بغلوں میں کتے لے کر تصویر کھنچوانے والوں کو مبارک ہو!
- ❑ پاکستان کو صدر مشرف کی ضرورت ہے(شیخ رشید)
- ● اور صدر مشرف کو آپ کی!
- ❑ افغانستان پر مشرف کی پالیسی سے اتفاق نہیں۔(چودھری شجاعت)
- ● مگر آپ سے کون پوچھتا ہے!
- ❑ جنرل پرویز مشرف نے دہلی کے عشائیے میں بھارتی اداکارہ رانی مکھرجی کو دورۂ پاکستان اور پاکستانی فلموں میں کام کرنے کی دعوت دی۔(ایک خبر)
- ● آج کا جدید ترین کمانڈو ایکشن یہی ہے کہ روشن خیالی کی نیکریں پہنا کر مہ رخوں کے تبادلے کئے جائیں۔
- ❑ لاہور: مخلوط میراتھن ریس پر لاٹھی چارج۔ خواتین کے کپڑے پھٹ گئے۔(ایک خبر)
- ● یہ گوجرانوالہ کے کسی قاضی حمید اللہ نے نہیں پھاڑے۔ پولیس نے پھاڑے ہیں۔
- ❑ بڑی طاقت سے جنگ کرتے تو ملیامیٹ ہو جاتے۔(شیخ رشید)
- ● اسی طرح کی بات جنرل نیازی نے بھارت کے سامنے ہتھیار ڈالتے ہوئے کہی تھی۔

---

© rasailojaraid.com